اُردو (لازمی)	نہم، لاہور بورڈ، 2024ء	پہلا گروپ
وقت: 2.10 گھنٹے	انشائیہ طرز	کل نمبر: 60

www.ilmkidunya.com

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) ہے لازوال عہدِ خزاں اس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے
(ii) جو بے داغ لالہ، جو بے خار گُل ہے — وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے
(iii) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا
(iv) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(حصہ غزل)

(v) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے
(vi) میں بھی مُنھ مین زبان رکھتا ہوں — کاش پوچھو کہ مدّعا کیا ہے
(vii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 5,5

(الف) ایک ایسے شخص کی حالت کو خیال کرو، جس کی آمدنی، اس کے اخراجات کو مناسب ہو اور اس کے حاصل کرنے میں اس کو چنداں محنت و مشقت کرنی نہ پڑے، جیسا کہ ہمارے ہندوستان میں ملکیوں اور لاخراج داروں کا حال تھا اور وہ اپنے دلی قویٰ کو بھی بے کار ڈال دے تو اس کا حال کیا ہوگا۔

(ب) والد صاحب قبلہ خوش تھے کہ بیٹے کو قانون کا شوق ہو چلا ہے۔ کسی زمانے میں بڑے بڑے وکیلوں کے کان کترے گا۔ ہم بھی بے فکر تھے کہ چلو دو برس تک تو کوئی محنت کے لیے کہہ ہی نہیں سکتا۔ بعد میں دیکھیے کون جیتا ہے اور کون مرتا ہے لیکن زمانہ آنکھ بند کیے گزر جاتا ہے، دو سال ایسے گزر گئے جیسے ہوا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) بابائے اردو مولوی عبدالحق نے میر کے بارے میں کیا رائے دی ہے؟
(ii) [illegible]
(iii) لفظ ”برسات“ کے دو قافیے لکھیے۔
(iv) سمجھو نے نئے بیل کے سات کیا سلوک کیا؟
(v) سلیم نے چار لڑکوں کا حلیہ کیسے بیان کیا؟
(vi) ”سرہانے میر کے آہستہ بولو“ کا دوسرا مصرع کیا ہے؟
(vii) الطاف حسین حالی کی دو ادبی خدمات لکھیے۔
(viii) یہودی نے قلعے سے کیا اعلان کیا؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: 5

(الف) ہجرت نبوی ﷺ — (ب) لہو اور قالین

6- نصاب میں شامل نظم ”برسات کی بہاریں“ کا مرکزی خیال/ خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیے جس میں محلے کی صفائی کا ذکر کیجیے۔ 10

یا

ہمسائے کے نام خط لکھیے جس میں موسیقی بند کرنے کی درخواست کیجیے تا کہ پڑھائی میں دقت نہ ہو۔

8- ”دودھ میں پانی“ کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ 5

یا

”ہوٹل منیجر اور گاہک“ کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) طبیعت نے چاہا تو چلا جاؤں گا۔
(ii) میں نے فرحان دیکھا۔
(iii) ایک گلاس، پانچ پلیٹیں، دس جگہ ٹوٹ گئیں۔
(iv) فوج نے حملہ کیے۔
(v) ہم نے روٹی کھائیں۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) خدمت سے ________۔
(ii) آ بیل ________۔
(iii) جتنی چادر دیکھیے ________۔
(iv) لا دوے ________۔
(v) پاک رہو ________۔